# 22-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ بولارم کے راشٹر پتی نیلائم سے سرمائی تعطیلات کے تحت صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو دہلی کیلئے روانہ ہوگئی۔

۲۔ ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ اراضی انتظامیہ کے نظام کو مزید شفاف اور تیز رفتار بنانے کے مقصد سے ریونیو، اسٹامپس ، رجسٹریشن اور سروے محکموں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر لایا جارہاہے۔

۲۔ ریاست میں نومنتخب سرپنچوں، نائب سرپنچوں اور وارڈ ارکان کی حلف برداری کی تقریب آج منعقد ہو رہی ہے۔

اور

۴۔ ریاست میں ڈھنڈی ہوائیں چلنے کے امکانات۔ محکمہ موسمیات نے دی جانکاری۔ سات اضلاع کیلئے ایلو الرٹ کیا گیا ہے جاری۔

DPD

مرکزی وزارت اطلاعات ونشریات کے پبلی کیشن ڈویزن کے پرنسپل ڈائرکٹر جنرل بھوپیندر کیمتو لانے حیدرآباد کے پبلی کیشن شعبے میں نالج کارنر کا آغاز کیا۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ ڈی پی ڈی کی جانب شائع کی جانے والی کتابیں سبھی کیلئے دستیاب رہنی چاہئے۔ نالج کارنر اس سلسلے میں فائدہ مند ثابت ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی کوششیں سبھی ریاستوں میں ہونی چاہئے۔ اس موقع پر انہوں نے محکمہ اطلاعات ونشریات کے آئی ایس عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔

Ramchandra Rao

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندرا راو نے کہا کہ ریاست میں بی آر ایس پارٹی کا مستقبل ختم ہو گیا ہے۔اور اس پارٹی کو عوام بھول چکے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں کانگریس کا متبادل صرف بی جے پی ہے۔انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ میں ون ٹائم پالیٹیکس نہیں چلتے ۔انہوں نے کہا کہ کئی مہینوں کے بعد کے سی آر کے فارم ہاوس باہر آنا صرف اوٹی پی جیسا ہے۔اور پھر وہ واپس فارم ہاوز لوٹ جائینگے۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ آنے جانے کا یہ سلسلہ جارجی رہیگا۔

Revanth

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت ضرورت پڑنے پر قانون ساز اسمبلی میں کرشنا اور گوداوری ندیوں کے پانی پر دوروزہ بحث کرانے کے لئے تیار ہےاوراگر اپوزیشن لیڈر کے طور پر کے سی آر بحث کے لئے آنے پر راضی ہو جاتے ہیں تو آئندہ ماہ کی 2 تاریخ سے اسمبلی اجلاس بلایا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنی رہائش گاہ پر میڈیا کے نمائندوں سے نجی ملاقات میں کیا۔ اگر چہ کے سی آر نے یہ نہیں کہا کہ وہ ایوان میں آئیں گے لیکن انہوں نے کہا کہ جنوری میں اسمبلی کے سرمائی اجلاس کی تاریخوں پر کابینہ کے اجلاس میں تبادلہ خیال کیا جائے گا اور فیصلہ کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کے سی آر کو ایک ذمہ دار اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے قانون ساز اسمبلی میں آنے اور اس پر بحث کرنے کی دعوت دے رہی ہے۔

Uttam

ریاستی وزیر آبپاشی اور سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے ناراضگی کا اظہار کیا ہے کہ ریاست کے ساتھ کے سی آر کے دس سال کے دور اقتدار میں دریائی پانی کے حقوق پانی کے استعمال اور پروجیکٹ کی تعمیر کے معاملہ میں بے حد ناانصافی کی گئی ہے۔کل شام سکریٹریٹ میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے

ریاستی وزیراتم کمار ریڈی نے کے سی آر کے الزامات کی تردید کی۔انہوں نے کہا کہ پروجیکٹوں پرتقریباً دولاکھ کروڑ خرچ ہوئے اورایک ایکڑ کوبھی آبپاشی کا پانی فراہم نہیں کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پراجکٹس کیلئے 88 ہزار کروڑ روپے کا قرض لیا گیا ہے۔ریاستی وزیر نے تنقید کی کہ ان کی حکومت کواس وقت لئے گئے قرضوں پرسوداور قسطوں میں سالانہ 16 ہزار کروڑ روپے ادا کرنے پڑ رہے ہیں۔

## Murmu Invitation

ریاستی وزراء سیتا اَ کا، کونڈا سریکھا اور اے لکشمن کمار نے صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو کو اگلے ماہ منعقد ہونے والے میڈارم مہا جاترا میں شرکت کی دعوت دی۔ اس مقصد کے لئے انہوں نے کل سکندرآباد کے راشٹر پتی نیلائم میں ان سے ملاقات کی اوردعوت نامہ پیش کیا۔اس موقع پر سمکا تلی کی ساڑی، رومال، چوڑیاں اور سونا پیش کیا گیا۔ انہیں میڈارم مہا جاترا کی خاص خصوصیات اور سمکا سارالماں کی بہادری کی کہانیوں کے بارے میں بتایا گیا۔صدر نے یقین دلایا کہ وہ میلہ میں شرکت کی کوشش کریں گے۔

## Own Officers

ریاست کے چیف سکریٹری کے رام کرشنا راؤ نے اس وقت کرایہ کی عمارتوں میں کام کرنے والے تمام محکمہ جاتی دفاتر کوخالی کرنے اور جاریہ مہینہ کی 31 تاریخ تک دستیاب سرکاری عمارتوں میں منتقل کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔انہوں نے محکمہ خزانہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ کسی بھی ایسے دفتر کوکرایہ ادا نہ کریں جویکم فروری سے اس مقررہ تاریخ سے آگے کام کرتا رہے۔

## Oath

ریاست میں نومنتخب سرپنچوں، نائب سرپنچوں اور وارڈ ارکان کی حلف برداری کی تقریب آج منعقد ہو رہی ہے۔اس سلسلہ میں متعلقہ پنچایت سکریٹریوں کے ذریعہ انتظامات کئے گئے ہیں۔ ریاست میں

جاریہ مہینہ کی 11، 14 اور 17 تاریخ کو پنچایت انتخابات ہوئے تھے۔ جملہ 12,702 سرپنچ، 1,205 متفقہ ووٹوں اور 11,497 پنچایت نشستوں سے نئے منتخب ہوئے جہاں انتخابات ہوئے تھے۔ وارڈ ممبران میں سے 25,848 متفقہ ووٹ تھے اور 85,955 وارڈوں کے لئے انتخابات ہوئے۔ جملہ ایک لاکھ 11,803 افراد نے وارڈ ممبر کی حیثیت سے کامیابی حاصل کی۔ تین مرحلوں کے وارڈ ارکان کے انتخابات کے بعد 12,702 نائب سرپنچوں کا انتخاب ہوا۔ ان تمام لوگوں کی حلف برداری کی تقریب ریاستی طرز پر الیکشن کمیشن کی طرف سے طے کی گئی ہے۔

Festival

تین روزہ حیدرآباد انٹرنیشنل شارٹ فلم فیسٹیول کل رات حیدرآباد میں اختتام پذیر ہوا۔ فاتحین کا اعلان اختتامی تقریب میں کیا گیا۔ ایران کی سمویشت  نے پہلا انعام جیتا، جبکہ شمال مشرقی ہندوستان کی ٹائے گن نے دوسرا انعام حاصل کیا۔ 'My Father is Afraid of Water' نے تیسرا انعام جیتا۔ ریاستی سنیماٹوگرافی کے وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیرمین دل راجو اور دیگر نے اس تقریب میں شرکت کی۔

Service

ہندوستانی ڈاک اور ٹیلی کمیونی کیشن اکاؤنٹس اور فنانس سروس نے آج نئی دہلی میں اپنا 51 واں یوم تاسیس سنچار لیکھا دیوس کے طور پر منایا۔ اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کنٹرولر جنرل آف کمیونیکیشن اکاؤنٹس وندنا گپتا نے گزشتہ پانچ دہائیوں کے دوران ٹیلی کمیونی کیشن اور پوسٹل سروسز کی خدمات کے بارے میں بتایا۔ اس موقع پر ایک کمیونی کیشن فنانس سمٹ کا انعقاد کیا گیا۔

Mahalakshmi

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ مہالکشمی اسکیم سے آرٹی سی منافع بخش ہوگیا ہے۔ کل پرجا بھون

میں وزیر پونم پر بھاکر کے ساتھ آر ٹی سی اور بی سی ویلفیر محکموں پر ایک جائزہ میٹنگ منعقد ہوئی۔انہوں نے کہا کہ پی ایم ای ڈرائیو اسکیم کے تحت 2,800 الیکٹرک بسیں حیدرآباد اور 100 نظام آباد اور ورنگل قصبوں میں آرہی ہیں۔ وزیر ٹرانسپورٹ پونم پر بھاکر نے وزارت خزانہ سے درخواست کی کہ آر ٹی سی میں اسسٹنٹ ٹریفک مینیجر کے عہدوں کو بھرنے کی اجازت دی جائے۔انہوں نے کہا کہ اگلے مارچ تک کنڈکٹر کی 3,233 نئی آسامیاں درکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ عارضی تقرریوں کے ساتھ ساتھ ان میں سے 50 فیصد کو مستقل بنیادوں پر بھرنے کی اجازت دی جائے۔

Drive

پولیس نے حیدرآباد اور سائبر آباد کمشنریٹس میں ہفتے کے آخر میں خصوصی ڈرنک ڈرائیو مہم چلائی۔ عہدیداروں نے الگ الگ بیانات میں بتایا کہ حیدرآباد میں 40 افراد شراب کے نشے میں ڈرائیونگ کرتے ہوئے پکڑے گئے اور سائبر آباد میں 409 افراد کو گرفتار کیا گیا اور ان کے خلاف مقدمات درج کئے گئے۔حیدرآباد میں پکڑے جانے والوں میں، 32 دو پہیہ گاڑیوں کے سوار، 23 آٹو ڈرائیور، اور 59 کار اور بھاری گاڑیوں کے ڈرائیور تھے۔سائبر آباد میں، 290 دو پہیہ گاڑیوں کے سوار تھے، 23 آٹو ڈرائیور تھے، 95 کار ڈرائیور تھے، اور ایک ہیوی وہیکل ڈرائیور تھا۔

Commission

تلنگانہ حقوق انسانی کمیشن نے ایک شخص کی کسٹیڈی میں موت کے الزامات پر ردعمل ظاہر کیا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ کرلا راجیش نامی نوجوان کو کودار رولر چتور کی پولیس نے غیر قانونی طور پر قید میں رکھ کر زیادتی کی۔بعد میں مہلوک کی والدہ للیتا، سماجی کارکن مندا کرشنا مادیگا اور سابق رکن پارلیمنٹ وینکٹیش نے دیگر قائدین کے ساتھ مل کر ایک شکایت درج کی جس کے بعد الزامات پر کمیشن نے تحقیقات کے احکامات جاری کئے۔

Punctuality

ریاستی وزیر برائے ریونیو، ہاؤسنگ اور اطلاعات وتعلقاتِ عامہ، پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ اراضی انتظامیہ کے نظام کو مزید شفاف اور تیز رفتار بنانے کے مقصد سے ریونیو، اسٹامپس، رجسٹریشن اور سروے محکموں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر لایا جارہا ہے اور انہیں بھو بھارتی پورٹل سے منسلک کیا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ جدید نظام کو آئندہ ماہ عوام کے لئے دستیاب کردیا جائے گا۔آج وزیر نے نامپلی میں واقع سی سی ایل اے دفتر کا اچانک معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اراضی انتظامیہ کا مرکزی دفتر ہونے کے باوجود سی ایل اے آفس کی کارکردگی اور انتظام مناسب نہیں ہے۔

Harish Rao

بی آر ایس لیڈر راور رکن اسمبلی ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد کسان مختلف مشکلات کا سامنا کررہے ہیں۔آج انہوں نے حیدرآباد کے تلنگانہ بھون میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔انہوں نے اس موقع پر کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی من مانی کررہے ہیں۔ ہریش راؤ نے کہا کہ رعیّتو بھروسہ اسکیم میں کئی خامیاں ہیں اور رقم نہ ملنے کی وجہ سے کسان پریشان ہیں۔

Weather

محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ ریاست کے بعض اضلاع میں سرد ہوائیں چلنے کے امکانات ہیں۔بتایا جارہا ہے کہ ریاست کے بعض علاقوں میں تین سے چار ڈگری درجہ حرارت ریکارڈ ہوسکتا ہے۔ اس سلسلہ میں عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، سنگاریڈی، میدک اور کاماریڈی اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

President

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو سرمائی تعطیلات کے بعد دہلی کیلئے روانہ ہوگئیں۔ واضح رہے کہ صدر جمہوریہ ہند نے 17 تاریخ کو بالا رم کے راشٹر پتی نیلائم میں تشریف لائی تھیں۔ گورنر جشنو دیو ورما، چیف منسٹر ریونت ریڈی اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے صدر جمہوریہ کو وداع کیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ چھ دنوں کے دوران صدر جمہوریہ نے مستقل ریاستوں کے پبلک سرویس کمیشن کے چیر پرسنس کی نیشنل کانفرنس کے علاوہ ہندوستان امن کانفرنس کا آغاز کیا تھا۔

OO